## سوال

نماز میں سجدہ تلاوت کرتے وقت رفع الیدین کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں اگر سجدہ تلاوت آجائے تو تکبیر کہتے وقت رفع الیدین کرنا چاہیے یا نہیں ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ تلاوت کرتے وقت رفع الیدین کرنے یا نہ کرنے کے حوالے کوئی صریح نص موجود نہیں ہے ،ہاں البتہ اس سجدے کو بھی ہم نماز کے دیگر سجدات پر قیاس کریں گے ۔اور نماز کے دیگر سجدات میں نبی کریم کا طریقہ کار یہ تھا کہ آپ سجدہ میں جاتے ہوئے رفع الیدین نہیں کیا کرتے تھے ۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :

«وَلَا يَفْعَلُ ذَلِكَ حِينَ يَسْجُدُ وَلَا حِينَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ» (بخاری :738)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رفع الیدین والا کام اسوقت نہیں فرماتے تھے جب سجدہ کرتے اور نہ ہی جب سجدہ سے اپنا سر اٹھاتے ۔

لہذا ثابت ہوا کہ سجدہ تلاوت کی تکبیرات کے ساتھ رفع الیدین کرنا درست نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتویٰ کمیٹی

## محدث فتویٰ